عرفان شریعت
کامل سہ حصص
مؤلفہ مجدد مائۃ حاضرہ حضرت شاہ احمد رضا خاں صاحب بریلوی قدس سرہ
سنی دارالاشاعت علویہ رضویہ
ڈجکوٹ روڈ
لائل پور

مَنْ یُّرِدِ اللّٰہُ بِہٖ خَیْرًا یُّفَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ

الحمد للہ

کہ مجموعہ مبارکہ جامع مسائل ضروریہ حاوی احکام شرعیہ معدن نکات لطیفہ

مخزن اسرار عجیبہ

یعنی

بعض فتاوے حضور پرنور اعلیحضرت مجدد مأتہ حاضرہ رضی اللہ تعالی عنہ

مسمّٰی بہ

عرفان شریعت

حصہ اوّل و دوم و سوم

جنکو مولوی محمد عرفان علی صاحب قادری رضوی بیسلپوری نے جمع کیا۔

الناشر سنی دار الاشاعت علویہ رضویہ ڈجکوٹ روڈ لائلپور

قیمت ۲/۵۰

بُرا سمجھ کر نہ لیں تو گنہگار ہوں گے یا نہ۔ شہر بریلی میں بیل کی قربانی ہوتی ہے یا نہیں۔ عمرو کہتا ہے کہ اسّی برس سے دیکھتا ہوں کہ بریلی میں بیل کی قربانی نہیں ہوتی ہے۔ اسکا کہنا غلط ہے یا صحیح۔

الجواب: بیل بھینسہ کی قربانی بلاشبہ جائز ہے اس میں اصلاً کراہت نہیں۔ زید کا کہنا غلط ہے مگر اس کے کہنے سے ایمان میں کچھ فرق نہیں آتا۔ عالمگیری میں ہے یکون من الاجناس الثلثة الغنم والابل والبقر ویدخل فی کل جنس نوعه والذکر والانثی معه والجاموس نوع من البقر۔ محلہ والے اگر بھینسے کا گوشت کہ سخت ہوتا ہے پسند نہ کریں اس وجہ سے نہ لیا تو برا کیا کہ مسلمان کی دل شکنی کی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں لاتحقرن معروفا اور اگر اس خیال سے نہ لیا کہ وہ بھینسے کی قربانی ناجائز جانتے ہیں تو سخت جہالت میں ہیں انہیں حکم شرع تعلیم کیا جائے۔ بیل کی قربانی لوگ اس خیال سے نہیں کرتے کہ وہ گائے سے زیادہ قیمتی ہوتا ہے اور گائے کا گوشت بھی بیل سے بہتر ہوتا ہے اسی واسطے شرعاً بھی گائے کی قربانی بیل سے افضل ہے جبکہ قیمت میں یکساں ہو عالمگیری میں ہے الانثی من البقر افضل من الذکر اذا استویا لان لحم الانثی اطیب کذا فی فتاوی قاضی خاں واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۶۷: تعزیہ بنانا سنت ہے جسکا یہ عقیدہ ہو یا قرآن شریف کی کسی آیت یا حدیث سے سند پکڑے ایسا شخص علماء اہلسنت والجماعت کے نزدیک خارج از اسلام تو نہ سمجھا جائے گا اس پر کفر کا اطلاق جائز ہے یا نہیں اور یہ کیسے شروع ہوا ہے اگر سامنے آجاوے بہ نظر تحقیر یا تعظیم سے دیکھنا چاہیئے یا نہیں

الجواب: وہ جاہل خطاوار مجرم ہے مگر کافر نہ کہیں گے۔ تعزیہ آتا دیکھ کر اعراض و روگردانی کریں اسکی جانب دیکھنا ہی نہ چاہیئے اسکی ابتدا سنا جاتا ہے کہ امیر تیمور بادشاہ دہلی کے وقت سے ہوئی۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۶۸: حضرت سکینہ بنت امام حسین رضی اللہ تعالٰی عنہ کا نکاح مصعب بن زبیر اور ان کے بعد کس کس کے ساتھ ہوا

الجواب: متعدد نکاح ہوئے جنکی تفصیل نور الابصار وغیرہ کتب سیر میں ہے۔ واللہ تعالٰی اعلم۔

مسئلہ ۶۹: کیا مثنوی شریف میں کوئی شعر ایسا ہے جس سے معلوم ہو کہ تین دن تک لاش حضور سرور کائنات صلے اللہ تعالٰی علیہ وسلم بے تجہیز و تکفین رکھی رہی جسکا یہ عقیدہ ہو اس کو کافر سمجھیں یا مسلمان۔

الجواب: یہ محض جھوٹ ہے۔ مثنوی شریف میں ایسا کوئی شعر نہیں یہ ناپاک خیال رافضیوں کا ہے ایسا